Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · NOOR

Allahumma Ya Nooran

اَللّٰھُمَّ یَانُوْرَ النُّوْرِ

> One day Muhammad Rasool (s) were sitting in the Masjid in Madinatul Munawwarah and Hazrat Jibreel (a) came to him and said: "Allah (swt) has sent His salaams to you and He has also sent a gift of the Dua Noor to you and your Ummah. This dua was not sent to the earlier Ummah's but it has been sent to your Ummah so that this can be a means of forgiveness (maghfirah) for this Ummah.

حدیث میں وارد ہے کہ ایک روز جناب رسول خداؐ مسجد میں تشریف فرما تھے کہ جبرئیل امینؑ پروردگار کی طرف سے حاضر خدمت ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہؐ حق تعالٰی بعد تحفہ درود و سلام ارشاد فرماتا ہے کہ ہم نے یہ ہدیہ تمہاری امت کے لئے بھیجا ہے تمہیں لازم ہے کہ دشمنوں سے پوشیدہ رکھو اور نہ سکھاؤ کہ برکت سے اس دعا کی جو کچھ طلب کیا جائے گا وہ عطا ہوگا جو کوئی اس دعا کو اپنے وظائف میں رکھے یعنی روزانہ بعد نماز کے پڑھتا رہے تو ہر بلا اور آفت سے امن میں رہے گا۔ زخم تیر و شمشیر اس پر اثر نہ کرے گا اور حاسدوں اور غمازوں کے فساد سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی رکھتا ہو اور اس دعا کو نہ پڑھ سکتا ہو تو روزانہ اس کو ہاتھوں پر لے کر بلند کرے اور عرض کرے کہ خداوندا اس دعا کی برکت سے میری مراد برلا۔ بہت جلد مراد اس کی بر آئے گی اور جو کوئی اپنے پاس رکھے چشم خلائق میں عزیز ہو اور رزق و روزی اس پر کشادہ ہو اگر مسافر وقت سفر پڑھے یا اپنے پاس رکھے بسلامتی واپس آئے۔ جو کوئی مرتے وقت یہ دعا مردے کے ہاتھ میں دے اور قبر میں دفن کرے عذاب قبر و فشار سے محفوظ رہے گا اور برکت سے اس دعا کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگر مومن پاک اعتقاد، دوستدار اہلبیت اطہارؑ ہو گا تو اس کی قبر نورانی ہوگی اور بروز قیامت فرشتے اس کے واسطے براق و حلہ و شراب طہور و تاج کرامت لے کر نازل ہوں گے اور چہرے سے اس کے نور ساطع ہوگا، اہل محشر دیکھ کر تعجب کریں گے کہ یہ کونسا پیغمبر و صدیق ہے پس چاہیے کہ ہر مومن اس دعا کا ورد کرے اور اپنے پاس رکھے اور جو کوئی اس دعا کے اسناد میں شک لائے کافر ہو اور اس دعا کے اسناد و عظمت اسقدر عظیم ہیں کہ اگر تمام درخت عالم کے بجائے قلم اور تمام پتے کاغذ اور فرشتگان اولین سے آخرین تک نہ لکھ سکیں۔۔۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ يَانُوْرَ النُّوْرِ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَالنُّوْرُ فِيْ نُوْرِ نُوْرِكَ يَانُوْرُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاعَزِيْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فِيْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ يَاعَزِيْزُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاجَلِيْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِيْ جَلَالِ جَلَالِكَ يَاجَلِيْلُ۔

ALLAAHUMMA YAA NOORA AN-NOORI TANAWWARTA BIN-NOORI WAN-NOORU FEE NOORI NOORIKA YAA NOOR. ALLAAHUMMA YAA 'AZEEZU TA'AZZAZTA BIL-'IZZATI WAL-'IZZATU FEE 'IZZATI 'IZZATIKA YAA 'AZEEZ. ALLAAHUMMA YAA JALEELU TAJALLALTA BIL-JALAALI WAL-JALAALU FEE JALAALI JALAALIKA YAA JALEEL.

O Allah! O the One Who makes the light Radiant! (Verily) You radiated Yourself through Your Light (entering the souls of the Faithful). O absolute Light! All lights are the result of the abundance of Your light. O Allah! O the One Who controls all! Verily You are honoured because of Your (Divine) Honour. O the One Who grants honour to the creation! All honours are due to Your Honour. O Allah! O the owner of limitless greatness! You are Great through Your own greatness (There is no doubt in it). O greater than all greats! All greatnesses are owing to Your greatness.

اے اللہ اے نور کو نور بنانے والے (بیشک) تو اپنے نور ذاتی سے منور ہو کر (مومنین کے دلوں میں نورانی ہوَا) اے نور محض ساری روشنیاں تیرے ہی نور کی کثرت کا نتیجہ ہیں اے سب پر قابو رکھ نے والے پس تو ہی اپنی (خدائی) عزّت سے معزز ہے اور اے مخلوقات کو عزّت دینے والے ساری عزّتیں تیری ہی عزّت کے صدقہ میں ہیں۔ اے اللہ بےپناہ بزرگی والے تو اپنی ہی بزرگی سے بزرگ ہے (اس میں کوئی شک نہیں کہ) اے سب سے بزرگ ساری بزرگیاں تیری ہی بزرگی کی وجہ سے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَاوَهَّابُ تَوَهَّبْتَ بِالْهِبَةِ وَالْهِبَةُ فِيْ هِبَةِ هِبَتِكَ يَاوَهَّابُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاعَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ فِيْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ يَاعَظِيْمُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاعَلِيْمُ تَعَلَّمْتَ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِيْ عِلْمِ عِلْمِكَ يَاعَلِيْمُ۔

ALLAAHUMMA YAA WAHHAABU TAWAHHABTA BIL-HIBATI WAL-HIBATU FEE HIBATI HIBATIKA YAA WAHHAAB. ALLAAHUMMA YAA 'AZEEMU TA'AZZAMTA BIL-'AZAMATI WAL-'AZAMATU FEE 'AZAMATI 'AZAMATIKA YAA 'AZEEM. ALLAAHUMMA YAA 'ALEEMU TA'ALLAMTA BIL-'ILMI WAL-'ILMU FEE 'ILMI 'ILMIKA YAA 'ALEEM.

O Allah! O the One Who alone is worthy of worship! O the Bestower! Only You have (truly) bestowed favours on the creation, and O Favourer Lord! All these favours are because of Your favour. O Allah! O the owner of real greatness and grandeur! Only You are the possessor of true greatness and all the greatnesses of the people of the world are, O the Great!, due to Your greatness. O Allah! O the possessor of limitless knowledge! The sciences of all the scholars are but tiny reflections of Your attribute of omniscience as only Your knowledge is absolute knowledge. O the One Who is aware (of the wholes and parts)!

اے اللہ اے معبود بخشش کرنے والے، بس توہی نے (صحیح معنوں میں مخلوقات پر) بخشش کی اور اے بخشش والے خدایہ ساری بخشش تیری ہی بخشش کی وجہ سے ہیں۔ اے اللہ اے بڑی عظمت اور بڑائی والے حقیقی عظمت کا بس توہی مالک ہے اور (دنیا والوں کی) یہ ساری عظمتیں اے بڑی عظمت والے تیری ہی عظمت اور بزرگی کا باعث ہیں۔ اے اللہ اے بےپناہ جاننے والے پس تیرا ہی علم تو عین ذات ہے اور اے (کلیات جزئیات کے) جاننے والے تمام علماء کے علوم تیری ہی صفت علم کے ادنیٰ نمونے ہیں۔

Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ يَاقُدُّوْسُ تَقَدَّسْتَ بِالْقُدْسِ وَالْقُدْسُ فِيْ قُدْسِ قُدْسِكَ يَاقُدُّوْسُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاجَمِيْلُ تَجَمَّلْتَ بِالْجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِيْ جَمَالِ جَمَالِكَ يَاجَمِيْلُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاسَلَامُ تَسَلَّمْتَ بِالسَّلَامِ وَالسَّلَامُ فِيْ سَلَامِ سَلَامِكَ يَاسَلَامُ۔

ALLAAHUMMA YAA QUDDOOSU TAQADDASTA BIL-QUDSI WAL-QUDSU FEE QUDSI QUDSIKA YAA QUDDOOS. ALLAAHUMMA YAA JAMEELU TAJAMMALTA BIL-JAMAALI WAL-JAMAALU FEE JAMAALI JAMAALIKA YAA JAMEEL. ALLAAHUMMA YAA SALAAMU TASALLAMTA BIS-SALAAMI WAS-SALAAMU FEE SALAAMI SALAAMIKA YAA SALAAM.

O Allah! O Holy Lord! (Doubtlessly) You are Holy through Your own holiness and all the holinesses are the result of Your holiness. O Allah! O the One Who is beautiful through Your own beauty! You alone are beautiful by Your own virtue of beauty. All the things beautiful are beautiful only as a consequence of the reflection of Your beauty. O Allah! O the provider of protection and salvation! You are the possessor of self-protection and all these safeties are as a result of Your virtue of safety.

اے اللہ اے پاک پروردگار (بے شک) تو اپنی پاکیزگی سے پاک ہے اور ساری پاکیزگیاں تیری صفت قدس کے صدقہ میں ہیں۔ اے اللہ اے ذاتی حسن والے تو اپنے ہی وصف ذاتی و صفاتی سے جمیل ہے اور ساری خوبصورتیاں تیرے ہی پرتو جمال کا نتیجہ ہیں۔ اے اللہ اے سلامتی اور نجات دینے والے تو ذاتی سلامتی کا مالک ہے اور (یہ) سلامتیاں تیری ہی صفت سلامتی سے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ يَاصَبُوْرُ تَصَبَّرْتَ بِالصَّبْرِ وَالصَّبْرُ فِيْ صَبْرِ صَبْرِكَ يَاصَبُوْرُ۔ اَللّٰهُمَّ يَامَلِيْكُ تَمَلَّكْتَ بِالْمَلَكُوْتِ وَالْمَلَكُوْتُ فِيْ مَلَكُوْتِ مَلَكُوْتِكَ يَامَلِيْكُ۔ اَللّٰهُمَّ يَارَبُّ تَرَبَّيْتَ بِالرَّبُوْبِيَّةِ وَالرَّبُوْبِيَّةُ فِيْ رَبُوْبِيَّةِ رَبُوْبِيَّتِكَ يَارَبُّ۔

ALLAAHUMMA YAA SABOORU TASABBARTA BIS-SABRI WAS-SABRU FEE SABRI SABRIKA YAA SABOOR. ALLAAHUMMA YAA MALEEKU TAMALLAKTA BIL-MALAKOOTI WAL-MALAKOOTU FEE MALAKOOTI MALAKOOTIKA YAA MALEEK. ALLAAHUMMA YAA RABBU TARABBAYTA BIR-RABOOBIYYATI WAR-RABOOBIYYATU FEE RABOOBIYYATI RABOOBIYYATIKA YAA RABB.

O Allah! O the One Who is patient and Who makes delay in punishing the sinners! You alone are truly patient and all these instances of patience are the reflections of Your patience. O Allah! O the owner of the kingdom of the entire creation! Only in Your hands is the real reins of kingdom and all the kingdoms have been granted only by You. O Allah! O the sustainer of the entire universe! Only You are the Sustainer because of Your own virtue of Lordship. All nourishments are due to Your nourishment.

اے اللہ اے گنہگاروں کو سزا دینے میں صبر و تاخیر سے کام لینے والے، پس تو ہی صابر ہے یہ سارے صبر تیری صفت صبر کا نمونہ ہیں۔ اے اللہ اے سارے مخلوقات کی بادشاہی کے مالک، بس تیرے ہی دست قدرت میں حقیقتًا عنان سلطنت ہے اور ساری سلطنتیں تیری ہی عطا کی ہوئی ہیں۔ اے اللہ اے سارے جہان کے پالنے والے، بس تو ہی اپنی صفت ربوبیّت سے رب ہے اور ساری پرورشیں تیری ہی پروردگاری سے ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَامَنَّانُ تَمَنَّنْتَ بِالْمِنَّةِ وَالْمِنَّةُ فِيْ مِنَّةِ مِنَّتِكَ يَامَنَّانُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاحَكِيْمُ تَحَكَّمْتَ بِالْحِكْمَةِ وَالْحِكْمَةُ فِيْ حِكْمَةِ حِكْمَتِكَ يَاحَكِيْمُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاحَمِيْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِيْ حَمْدِ حَمْدِكَ يَاحَمِيْدُ۔

ALLAAHUMMA YAA MANNAANU TAMANNANTA BIL-MINNATI WAL-MINNATU FEE MINNATI MINNATIKA YAA MANNAAN. ALLAAHUMMA YAA HAKEEMU TAHAKKAMTA BIL-HIKMATI WAL-HIKMATU FEE HIKMATI HIKMATIKA YAA HAKEEM. ALLAAHUMMA YAA HAMEEDU TAHAMMADTA BIL-HAMDI WAL-HAMDU FEE HAMDI HAMDIKA YAA HAMEED.

O Allah! O the One Who favours limitlessly! You alone deserve the showering of favours. All the favours shown by the creation are only the consequence of Your favours. O Allah! O the Wise! All of your commandments are full of wisdom. Every one of Your actions are sound through wisdom. All wisdoms are owing to Your wisdom. O Absolute Intelligence! O Allah! O the One Who is worthy of all praise! You are praiseworthy due to Your personal virtues and all the laudations are due to Your praiseworthiness. O the Entire Praise!

اے اللہ اے بے پناہ احسان کرنے والے تو ہی احسان کرنے کا سزاوار ہے اور تمام (مخلوقات) کے احسانات تیرے ہی احسان کا نتیجہ ہیں۔ اے اللہ اے حکمت والے تیرے تمام احکام حکمت سے پُر ہیں، تیرا ہر کام حکمت سے مستحکم ہے اور ساری حکمتیں تیری ہی حکمت سے ہیں اے حکیم مطلق۔ اے اللہ اے تمام تعریفوں کا مستحق تو اپنی ذاتی خوبیوں کی وجہ سے لائق حمد ہے اور ساری تعریفیں تیری ہی حمد کے صدقہ میں ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَاوَاحِدُ تَوَحَّدْتَ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَالْوَحْدَانِيَّةُ فِيْ وَحْدَانِيَّةِ وَحْدَانِيَّتِكَ يَاوَاحِدُ۔ اَللّٰهُمَّ يَافَرْدُ تَفَرَّدْتَ بِالْفَرْدَانِيَّةِ وَالْفَرْدَانِيَّةُ فِيْ فَرْدَانِيَّةِ فَرْدَانِيَّتِكَ يَافَرْدُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاحَلِيْمُ تَحَلَّمْتَ بِالْحِلْمِ وَالْحِلْمُ فِيْ حِلْمِ حِلْمِكَ يَاحَلِيْمُ۔

ALLAAHUMMA YAA WAAHIDU TAWAHHADTA BIL-WAHDAANIYYATI WAL-WAHDAANIYYATU FEE WAHDAANIYYATI WAHDAANIYYATIKA YAA WAAHID. ALLAAHUMMA YAA FARDU TAFARRADTA BIL-FARDAANIYYATI WAL-FARDAANIYYATU FEE FARDAANIYYATI FARDAANIYYATIKA YAA FARD. ALLAAHUMMA YAA HALEEMU TAHALLAMTA BIL-HILMI WAL-HILMU FEE HILMI HILMIKA YAA HALEEM.

O Allah! O the One Who has no partner! You alone, due to Your virtue of being one, the only ruler of the entire creation. No doubt, every uniqueness is nothing compared to Your attribute of being Only One God. O Allah! O the Unique. One Who has no likeness. Verily, You remained the only One due to Your unity and the uniquenesses of all the creation are the samples of Your uniqueness. O the One and the Unique! O the Forbearer! Only You are the forbearer because of your virtue of forbearance and all the good behaviors are because of Your virtue of forbearance. O the One Who is more patient than all patients!

اے اللہ اے لا شریک بس تو ہی اپنی صفت وحدانیت سے ساری مخلوقات پر اکیلا حکومت کرنے والا ہے اسمیں کوئی شک نہیں کہ سارا اکیلا پن تیری وحدانیت کے سامنے ہیچ ہے۔ اے اللہ اے بالکل اکیلا بس تو ہی اپنی یکتائی سے فرد رہا اور مخلوقات کی ساری یکتائیاں تیری ہی یکتائیوں کا نمونہ ہیں۔ اے اللہ اے حلم کرنے والے بس تو ہی اپنے حلم سے حلیم ہے اور تمام نیک مزاجیاں تیری ہی وصف حلم کی وجہ سے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَاقَدِيْرُ تَقَدَّرْتَ بِالْقُدْرَةِ وَالْقُدْرَةُ فِيْ قُدْرَةِ قُدْرَتِكَ يَا قَدِيْرُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاقَدِيْمُ تَقَدَّمْتَ بِالْقِدَمِ وَالْقِدَمُ فِيْ قِدَمِ قِدَمِكَ يَا قَدِيْمُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاشَاهِدُ تَشَهَّدْتَ بِالشَّهَادَةِ وَالشَّهَادَةُ فِيْ شَهَادَةِ شَهَادَتِكَ يَاشَاهِدُ۔

ALLAAHUMMA YAA QADEERU TAQADDARTA BIL-QUDRATI WAL-QUDRATU FEE QUDRATI QUDRATIKA YAA QADEER. ALLAAHUMMA YAA QADEEMU TAQADDAMTA BIL-QIDAMI WAL-QIDAMU FEE QIDAMI QIDAMIKA YAA QADEEM. ALLAAHUMMA YAA SHAAHIDU TASHAHHADTA BISH-SHAHAADATI WASH-SHAHAADATU FEE SHAHAADATI SHAHAADATIKA YAA SHAAHID.

O Allah! O the possessor of unlimited power! You are Absolute Power only because of Your attribute of Omnipotence. All powers and freedoms are the fruits of Your strength. O Absolute Power! O Allah! O the One Who is Everlasting! You are ancient and eternal because of your attribute of being eternal. All lastings are because of your eternity. O Allah! O the Testifier (of the prophet hood of Muhammed)! Verily You are unique in Your attribute of testifying and the witness, being Your witness, is above all witnesses. O the Testifier!

اے اللہ لامحدود قدرت والے تو اپنی ہی صفت قادریت سے قادر مختار ہے اور ساری قدرتیں اور خود مختاریاں تیری قدرت کا عطیہ ہیں۔ اے اللہ اے ہمیشہ رہنے والے تو اپنے وصفِ قدم سے قدیم ہے اور ساری ہمیشگیاں تیری ہی صفت قدامت سے ہیں۔ اے اللہ اے (محمدؐ) کے نبوت کی گواہی دینے والے بس تو اپنے وصف شہادت میں یکتا ہے اور گواہی ہونے کے لحاظ سے کل گواہیوں سے بالاتر ہے۔ اے گواہی دینے والے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَاقَرِيْبُ تَقَرَّبْتَ بِالْقُرْبِ وَالْقُرْبُ فِيْ قُرْبِ قُرْبِكَ يَاقَرِيْبُ۔ اَللّٰهُمَّ يَانَصِيْرُ تَنَصَّرْتَ بِالنُّصْرَةِ وَالنُّصْرَةُ فِيْ نُصْرَةِ نُصْرَتِكَ يَانَصِيْرُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاسَتَّارُ تَسَتَّرْتَ بِالسَّتْرِ وَالسَّتْرُ فِيْ سَتْرِ سَتْرِكَ يَاسَتَّارُ۔

ALLAAHUMMA YAA QAREEBU TAQARRABTA BIL-QURBI WAL-QURBU FEE QURBI QURBIKA YAA QAREEB. ALLAAHUMMA YAA NASEERU TANASSARTA BIN-NUSRATI WAN-NUSRATU FEE NUSRATI NUSRATIKA YAA NASEER. ALLAAHUMMA YAA SATTAARU TASATTARTA BIS-SATRI WAS-SATRU FEE SATRI SATRIKA YAA SATTAAR.

O Allah! O the One Who is near! O the One Who is nearer than the jugular vein! You are near due to the virtue of being near and every nearness is because of your nearness. O Allah! O the One Who is ever helping in every circumstance! You help by the virtue of being the Helper. All helps are due to Your help. O the Best Helper! O Allah! O the One Who is hidden behind the veil of Oneness! And O the One Who hides the errors of sinners in the veil of Your Mercy! You are the Hider by virtue of being the hider and all hidings (like the hiding of the Qaaem Aale Muhammad Imam Mehdi a.t.f.s.) are the examples of your veiling. O the Veiler!

اے اللہ اے نزدیک اے رگ گردن سے قریب تر، تو اپنی صفت قریب کی وجہ سے نزدیک ہے اور ساری نزدیکیاں تیری نزدیکی سے ہیں۔ اے اللہ اے ہر حال میں مدد کرنے والے تو اپنے وصفِ نصرت سے مدد کرتا ہے اور ساری مددگاریاں تیری ہی نصرت سے ہیں۔ اے اللہ اے پردۂ وحدت میں پوشیدہ رہنے والے اور اے گناہگاروں کی خطاؤں کو پردۂ رحمت میں چھپانے والے تو ذاتی ستاری کی وجہ سے پردہ پوش ہوا اور تمام پوشیدگیاں (مثلاً قائم آلِ محمدؑ کی روپوشی) تیری پردہ پوشی کا نمونہ ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَاقَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِ قَهْرِكَ يَاقَهَّارُ۔ اَللّٰهُمَّ يَارَازِقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِيْ رِزْقِ رِزْقِكَ يَارَزَّاقُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاخَالِقُ تَخَلَّقْتَ بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِيْ خَلْقِ خَلْقِكَ يَاخَلَّاقُ۔

ALLAAHUMMA YAA QAHHAARU TAQAHHARTA BIL-QAHRI WAL-QAHRU FEE QAHRI QAHRIKA YAA QAHHAAR. ALLAAHUMMA YAA RAAZIQU TARAZZAQTA BIR-RIZQI WAR-RIZQU FEE RIZQI RIZQIKA YAA RAZZAAQ. ALLAAHUMMA YAA KHAALIQU TAKHALLAQTA BIL-KHALQI WAL-KHALQU FEE KHALQI KHALQIKA YAA KHALLAAQ.

O Allah! O the One Who frowns upon the unbelievers and the hypocrites! You are the suppressor by virtue of Your being the crusher. All pressures and suppressions are becoming only to You. O Allah! O the One Who gives sustenance to the entire creation! You are the Sustainer by virtue of Your being the nourisher and all the nourishings are the samples of Your nourishment. O the giver of provision! O the Creator! You, by virtue of being the creator came into being to be the real creator of all, and all the created things are (in the matter of procreation) subservient to Your command. O Creator!

اے اللہ اے کفار و منافقین پر غضبناک ہونے والے تو اپنی قہاریت سے قہار ہے اور سارے دباؤ اور قہر و غضب تیری ہی ذات کو زیبا ہے۔ اے اللہ اے ساری مخلوقات کو رزق دینے والے تو اپنی ذاتی رزاقیت سے رزق دینے والا ہے اور ساری رزاقیاں تیری ہی رزاقی کا نمونہ ہیں۔ اے اللہ اے پیدا کرنے والے تو اپنے ذاتی وصف (اخلاقی) سے (موجد ہو کر) سب کا حقیقی خالق بنا اور ساری خلقتیں (پیدا کرنے میں) تیرے حکم کی محتاج ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَافَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِيْ فَتْحِ فَتْحِكَ يَافَتَّاحُ۔ اَللّٰهُمَّ يَارَفِيْعُ تَرَفَّعْتَ بِالرِّفْعَةِ وَالرِّفْعَةُ فِيْ رِفْعَةِ رِفْعَتِكَ يَارَفِيْعُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاحَفِيْظُ تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِيْ حِفْظِ حِفْظِكَ يَاحَفِيْظُ۔

ALLAAHUMMA YAA FATTAAHU TAFATTAHTA BIL-FATHI WAL-FATHU FEE FATHI FATHIKA YAA FATTAAH. ALLAAHUMMA YAA RAFEE'U TARAFFA'TA BIR-RIF'ATI WAR-RIF'ATU FEE RIF'ATI RIF'ATIKA YAA RAFEE'. ALLAAHUMMA YAA HAFEEZU TAHAFFAZTA BIL-HIFZI WAL-HIFZU FEE HIFZI HIFZIKA YAA HAFEEZ.

O Allah! O the One Who resolves all problems to grant success by easing all hardships! You alone are the real Opener of the doors to success. There is no doubt that all the successes achieved by the creation are the result of the intelligence granted by You. O the Opener! O Allah! O the One Who is High by virtue of Your Height. O Allah! O the One Who is higher than all highs! O Allah! O the Unique Protector! You alone are protected through Your own Protection and all protections are under Your protection. O Protector!

اے اللہ تمام مشکلوں اور مصیبتوں پیچیدہ گرہوں کو کھول کر فتح نصیب کرنے والے تو ہی صحیح معنوں میں فتاح ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ مخلوقات کی ساری فتحیں تیرے ہی دیئے ہوئے ناخن تدبیر کا نتیجہ ہیں، (اے اللہ) اے اپنی ذاتی بلندی سے بلند ہونے والے بس تو ہی بلند مرتبہ ہے اور ساری بلندیاں و ترقیاں تیری وصف و نعمت ہی سے ہیں۔ اے اللہ اے بے مثل حفاظت کرنے والے تو ہی اپنی ذاتی حفاظت سے محفوظ ہے اور ساری حفاظتیں تیری ہی محافظت میں ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَافَاضِلُ تَفَضَّلْتَ بِالْفَضْلِ وَالْفَضْلُ فِيْ فَضْلِ فَضْلِكَ يَا فَاضِلُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاوَاصِلُ تَوَصَّلْتَ بِالْوَصْلِ وَالْوَصْلُ فِيْ وَصْلِ وَصْلِكَ يَاوَاصِلُ۔ اَللّٰهُمَّ يَافَاعِلُ تَفَعَّلْتَ بِالْفِعْلِ وَالْفِعْلُ فِيْ فِعْلِ فِعْلِكَ يَافَاعِلُ۔

ALLAAHUMMA YAA FAADILU TAFADDALTA BIL-FADLI WAL-FADLU FEE FADLI FADLIKA YAA FAADIL. ALLAAHUMMA YAA WAASILU TAWASSALTA BIL-WASLI WAL-WASLU FEE WASLI WASLIKA YAA WAASIL. ALLAAHUMMA YAA FAA'ILU TAFA''ALTA BIL-FI'LI WAL-FI'LU FEE FI'LI FI'LIKA YAA FAA'IL.

O Allah! O the owner of self-perfection! Verily You are perfect by Yourself and the perfections and excellences of the creations are through Your excellence and perfection. O the Perfect and the excellent! O Allah! O the keeper and maintainer of the relation of love and affection! You Yourself have taught love and all these intimacies are the result of Your teaching. They are also for meeting You. O the Best gatherer! O the One Who does at will! Whatever You have done has been done by Your absolute will, and real authority and will is only Your authority and will and all authorities are the gifts of Your authority. O the One Who does whatever You want!

اے اللہ اے ذاتی کمال کے مالک بس تو خود صاحب فضل بنا، بیشک ساری مخلوقات کی فضیلتیں اور کمالات تیرے ہی فضل سے ہیں۔ اے اللہ اے رشتہ محبّت قائم کرنے والے تو ہی نے ملاپ کی تعلیم دی ہے اور یہ سارے ملاپ (تیری ہی تعلیم کا نتیجہ ہیں) اور تیرے ہی وصال کے لئے ہیں۔ اے اللہ اے فاعل مختار تو نے جو کچھ کیا اپنے اختیارات سے کیا اور حقیقتًا اختیار تیرا اختیار ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَافَارِضُ تَفَرَّضْتَ بِالْفَرْضِ وَالْفَرْضُ فِيْ فَرْضِ فَرْضِكَ يَافَارِضُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاغَفَّارُ تَغَفَّرْتَ بِالْمَغْفِرَةِ وَالْمَغْفِرَةُ فِيْ مَغْفِرَةِ مَغْفِرَتِكَ يَاغَفَّارُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاجَبَّارُ تَجَبَّرْتَ بِالْجَبَرُوْتِ وَالْجَبَرُوْتُ فِيْ جَبَرُوْتِ جَبَرُوْتِكَ يَاجَبَّارُ۔

ALLAAHUMMA YAA FAARIDU TAFARRADTA BIL-FARDI WAL-FARDU FEE FARDI FARDIKA YAA FAARID. ALLAAHUMMA YAA GHAFFAARU TAGHAFFARTA BIL-MAGHFIRATI WAL-MAGHFIRATU FEE MAGHFIRATI MAGHFIRATIKA YAA GHAFFAAR. ALLAAHUMMA YAA JABBAARU TAJABBARTA BIL-JABAROOTI WAL-JABAROOTU FEE JABAROOTI JABAROOTIKA YAA JABBAAR.

O Allah! O the One Who has created this universe with measure and the real measure is only Your measure. All measures and plannings are grace of Your planning. O the Measurer! O Allah! O the Forgiver of all big and small sins! It is only You Who forgives due to Your attribute of pardoning. As for the pardonings and forgiveness's of the creation, they are mere reflections of Your forgiveness. O Pardoner! O Allah! O the One Who joins the broken hearts and the dilapidated bones! In fact, such power is possessed only by You, and the joining and gathering by the creations is but due to Your attribute of imposing Your Will. O Omnipotent!

اے اللہ اے اندازے سے جمیع کائنات کو پیدا کرنے والے اور دراصل اندازہ کرنا تیرا ہی اندازہ کرنا ہے، اے اندازہ کرنے والے۔ اے اللہ اے چھوٹے بڑے گناہ کے بخشنے والے صرف تو ہی اپنی صفت غفرانیت کی وجہ سے بخشتا ہے اب رہ گئیں بندوں کی بخششیں اور نظر اندازیاں تو وہ تیری بخشش اور درگزر کرنے کے صدقہ میں ہیں اے ٹوٹے اور بال خوردہ (شیشہ دل) اور بوسیدہ ہڈیوں کے جوڑنے والے حقیقتًا ایسی طاقت بس تجھ ہی میں ہے اور ساری مخلوقات کا جوڑنا بنانا تیرے وصف جبروت کے سبب سے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَاسَمِيْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِيْ سَمْعِ سَمْعِكَ يَاسَمِيْعُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاكَبِيْرُ تَكَبَّرْتَ بِالْكِبْرِيَآءِ وَالْكِبْرِيَآءُ فِيْ كِبْرِيَآءِ كِبْرِيَآئِكَ يَاكَبِيْرُ۔ اَللّٰهُمَّ يَاكَرِيْمُ تَكَرَّمْتَ بِالْكَرَمِ وَالْكَرَمُ فِيْ كَرَمِ كَرَمِكَ يَاكَرِيْمُ۔

ALLAAHUMMA YAA SAMEE'U TASAMMA'TA BIS-SAM'I WAS-SAM'U FEE SAM'I SAM'IKA YAA SAMEE'. ALLAAHUMMA YAA KABEERU TAKABBARTA BIL-KIBRIYAA'I WAL-KIBRIYAA'U FEE KIBRIYAA'I KIBRIYAA'IKA YAA KABEER. ALLAAHUMMA YAA KAREEMU TAKARRAMTA BIL-KARAMI WAL-KARAMU FEE KARAMI KARAMIKA YAA KAREEM.

O Allah! O the One Who hears the voice of the weak and the ill (steps of an ant)! You hear by virtue of Your All-Hearingness. The hearing and answering of the creation is merely due to Your hearing and responding. O Allah! O the biggest Merciful and Beneficent! Only You are the owner of true greatness and all these greatnesses are existing and continuing only because of Your greatness. O the Greatest of all greats! O Allah! O the One Who causes the rivers of kindness flow! (really generosity is only Your generosity) and all these generosities of the people are only the leftovers of only Your table of generosity.

اے اللہ اے ناتواں مریض کی آواز اور چیونٹی کے قدم کی چاپ کے) سننے والے تو اپنے وصفِ سمیعیّت سے سنتا ہے اور ساری خلقت کا سننا سنانا تیرے ہی سامع ہونے کی وجہ سے ہے۔ اے اللہ اے بہت بڑے ! بس تو ہی بزرگی کا مالک ہے اور یہ ساری بڑائیاں تیری ہی بزرگی سے ہیں۔ اے اللہ اے دریائے کرم کے بہانے والے (حقیقتًا) سخاوت تو تیرا ہی حِصّہ ہے اور یہ دنیا والوں کی سخاوتیں اور بخششیں تیرے ہی خوان کرم کی ذرہ چینی کے اثرات ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ يَارَحِيْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّحْمُ فِيْ رَحْمِ رَحْمِكَ يَارَحِيْمُ۔ اَللّٰهُمَّ يَامَجِيْدُ تَمَجَّدْتَ بِالْمَجْدِ وَالْمَجْدُ فِيْ مَجْدِ مَجْدِكَ يَامَجِيْدُ۔ اَللّٰهُمَّ يَامُجِيْبُ يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاحَيُّ يَاحَلِيْمُ يَاعَزِيْزُ يَانُوْرَ النُّوْرِ يَالَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

ALLAAHUMMA YAA RAHEEMU TARAHHAMTA BIR-RAHMATI WAR-RAHMU FEE RAHMI RAHMIKA YAA RAHEEM. ALLAAHUMMA YAA MAJEEDU TAMAJJADTA BIL-MAJDI WAL-MAJDU FEE MAJDI MAJDIKA YAA MAJEED. ALLAAHUMMA YAA MUJEEBU YAA ALLAAHU YAA RAHMAANU YAA RAHEEMU YAA HAYYU YAA HALEEMU YAA 'AZEEZU YAA NOORA AN-NOORI YAA LAA ILAAHA ILLAA HUWA 'ALAYHI TAWAKKALTU WAHUWA RABBU AL-'ARSHI AL-'AZEEM.

O Allah! O the One Who pities every one of Your sinful slaves! Verily You are kind and merciful only on the basis of Your attribute of pity and sympathy. All kindnesses are because of Your kindness and pitifulness. O Centre of Mercy! O Allah! O the Owner of great Highness! (Reality is that) it is only Your height where even the bird of imagination cannot reach and the heights of these low ranking slaves are merely Your gifts. O the Hearer of the cry of the inflicted! O Lord! O Merciful! O Beneficent! O Ever living! O the One Who is lenient in punishing! O Dominant over all O the One Who makes hearts radiant! O the One besides Whom there is no deity! I have also relied only on You, that is, on the Lord of the Great Throne.

اے اللہ اے ہر گناہ گار پر رحم کھانے والے بس تو ہی اپنے ذاتی رحم و کرم کی وجہ سے رحیم ہے اور ساری رحمتیں تیرے رحیم ہونے سے ہیں۔ اے اللہ اے بڑی شان و شوکت والے (سچ تو یہ ہے) کہ تیری ہی بزرگی وہ بلند ہے کہ جہاں پر پرندہ وہم وگمان نہیں مار سکتا اور یہ (سارے پست مرتبہ بندوں کی) بزرگیاں تیرے ہی عطیہ سے ہیں اے صدائے مضطر پر لبیک کہنے والے۔ اے اللہ اے رحمٰن، اے رحیم اے ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والے اے سزا دینے میں ڈھیل دینے والے، اے سب پر غالب، اے جگر نور میں روشنی دینے والے، اے وہ ذات جس کے سوا کوئی خدا نہیں ہو سکتا میں نے بس تجھی پر بھروسہ اور تکیہ کیا ہے (یعنی وہی خدا) جو عرش عظیم کا پروردگار ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْوَهَّابِ سُبْحَانَ الْمَجِيْدِ سُبْحَانَ الصَّبُوْرِ سُبْحَانَ الْبَصِيْرِ سُبْحَانَ الْمَانِعِ سُبْحَانَ الْقَيُّوْمِ سُبْحَانَ الْبَرِّ سُبْحَانَ الْمُعَافِيْ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ سُبْحَانَ الْمُعِزِّ سُبْحَانَ الظَّاهِرِ سُبْحَانَ الشَّافِيْ سُبْحَانَ الْكَافِيْ سُبْحَانَ السَّلَامِ سُبْحَانَ الْمُؤْمِنِ سُبْحَانَ الْمُهَيْمِنِ۔

AL-HAMDU LILLAAHI AL-WAHHAABI SUBHAANA AL-MAJEEDI SUBHAANA AS-SABOORI SUBHAANA AL-BASEERI SUBHAANA AL-MAANI'I SUBHAANA AL-QAYYOOMI SUBHAANA AL-BARRI SUBHAANA AL-MU'AAFEE SUBHAANA AL-AWWALI SUBHAANA AL-MU'IZZI SUBHAANA AZ-ZAAHIRI SUBHAANA ASH-SHAAFEE SUBHAANA AL-KAAFEE SUBHAANA AS-SALAAMI SUBHAANA AL-MU'MINI SUBHAANA AL-MUHAYMIN.

All praise is for the limitlessly forgiving God. We hallow only HIS Name Who is extremely Great. We hallow only Him Who shows patience and mercy in giving punishment. We hallow Him Who sees each and every deed done by us. We hallow Him Who withholds, and Who will save us from hell. We hallow Him Who protects the whole world. We hallow Him Who is Kind. We hallow Him Who will forgive us. We hallow Him Who is older than oldness (ancientness). We hallow Him Who is the owner of honour and power. We hallow Him Whose existence is manifest to all We hallow Him Who cures the ill (gives health). We hallow Him Who is sufficient for us all. We hallow Him Who provides safety to us. We hallow Him Who makes us Faithful. We hallow Him Who shelters us.

تمام تعریفیں بس اس خدا کے لئے ہیں جو بے پناہ بخشنے والا ہے ہم اسکی تسبیح کرتے ہیں جو بے حد بزرگ ہے اسکی تسبیح کرتے ہیں جو (سزا دینے میں) رحم و صبر سے کام لیتا ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو لاشریک اور ہم کو جہنم سے بچانے والا ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو سارے جہان کا سنبھالنے والا ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہے جو پسندیدہ اور مطلوب ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہمارے گروہ کو معاف کرے، اور ہم کو صحت دینے والا ہے ہم اس کے تسبیح کرتے ہیں جو اولیت سے پہلے ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جس کے آثار قدرت وجود ظاہر ہیں ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہمارے لئے (بہر صورت) کافی ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

سُبْحَانَ الْمُصَوِّرِ سُبْحَانَ النَّاصِرِ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ سُبْحَانَ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ سُبْحَانَ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ الْمُؤَخِّرِ سُبْحَانَ الْمُقَدِّمِ سُبْحَانَ الضَّآرِّ سُبْحَانَ النُّوْرِ سُبْحَانَ الْهَادِيْ سُبْحَانَ الْمُقَدِّرِ۔

SUBHAANA AL-MUSAWWIRI SUBHAANA AN-NAASIRI SUBHAANA AL-WAAHIDI SUBHAANA AL-AHADI SUBHAANA AL-FARDI SUBHAANA AR-RAHEEMI SUBHAANA AL-MU'AKHKHIRI SUBHAANA AL-MUQADDIMI SUBHAANA AD-DAARRI SUBHAANA AN-NOORI SUBHAANA AL-HAADEE SUBHAANA AL-MUQADDIR.

We hallow Him Who is the best designer of faces. We hallow Him Who helps us. We hallow Him Who is absolutely unique. We hallow Him Who is like only Him (no one is like Him). We hallow Him Who showers mercy. We hallow Him Who holds us back from evils. We hallow Him Who leads us toward good. We hallow Him Who causes harm. We hallow Him Who grants light. We hallow Him Who is absolute Guidance. We hallow Him Who is the Master of destiny.

ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو رحم مادر میں بے نظیر تصویر کشی اور صورت گری کرتا ہے۔ ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہر آڑے وقت میں مدد کرنے والا ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو بالکل تنہا اور اکیلا ہے ہم اسکی تسبیح کرتے ہیں جو بالکل یگانہ ہے ہم اسکی تسبیح کرتے ہیں جو بالکل یکتا ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو بندوں پر رحم کرنے والا ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہم کو بُرے کاموں سے پیچھے ہٹانے والا ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہم کو اچھے کاموں میں آگے بڑھانے والا ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو نور محض ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہدایت کرنے والا ہے پہونچانے پر قادر ہے ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو جنت تک پہنچانے والا ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں ہمارے آگے آنے والی باتوں کا جاننے والا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

سُبْحَانَ الْجَلِيْلِ سُبْحَانَ الْمَجِيْدِ سُبْحَانَ الرَّقِيْبِ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ سُبْحَانَ مَنْ يَّفْعَلُ مَا يَشَآءُ بِقُدْرَتِهٖ وَيَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ بِعِزَّتِهٖ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ۔

SUBHAANA AL-JALEELI SUBHAANA AL-MAJEEDI SUBHAANA AR-RAQEEBI SUBHAANA ALLAAHI WAL-HAMDU LILLAAHI WALAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU WALLAAHU AKBARU WALAA HAWLA WALAA QUWWATA ILLAA BILLAAHI AL-'ALIYYI AL-'AZEEM. SUBHAANA MAN YAF'ALU MAA YASHAA'U BIQUDRATIHEE WAYAHKUMU MAA YUREEDU BI'IZZATIHEE SUBHAANA ALLAAHI WABIHAMDIH.

We hallow Him Who is the Greatest. We hallow Him Who is High. We hallow Him Who watches the whole world. We hallow Him Who is Holy. His is the holy existence. All praise is for Allah. None besides Him is worthy of worship. So only Allah is the greatest of all. What is reality is that no one except the only One Allah has any power. Only He is High and Great. We hallow Him Who carries out His acts with His perfect power and Who imposes His command, with His particular strength. We hallow Allah and praise Him.

ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں بیحد بزرگ مرتبہ ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو بیحد بلند اور برتر ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں سارے جہان کا نگران ہے پاک ہے اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں بس اللہ ہی سب سے بڑا ہے (اصل تو یہ ہے) کہ خدائے بزرگ اور برتر کے علاوہ کسی میں کوئی ذاتی قوت و طاقت نہیں ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو ہر کام اپنی قوت کاملہ سے کرتا ہے اور ہر حکم سمجھ بوجھ نافذ کرتا ہے، ہم اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور اسی کی حمد کرتے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

سُبْحَانَ ذِي الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْمَقْصُوْدِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْمَوْجُوْدِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْحَكِيْمِ سُبْحَانَ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔

SUBHAANA ZEE AL-'ARSHI AL-'AZEEMI WAL-HAYBATI WAL-QUDRATI WAL-KIBRIYAA'I WAL-JABAROOTI SUBHAANA AL-MALIKI AL-MAQSOODI SUBHAANA AL-MALIKI AL-MAWJOODI SUBHAANA AL-HAYYI AL-HAKEEMI SUBHAANA ALLAAHI TAWAKKALTU 'ALAA AL-HAYYI ALLAZEE LAA YAMOOT. SUBBOOHUN QUDDOOSUN RABBU AL-MALAA'IKATI WAR-ROOH.

We hallow him and praise Him Who is the master and owner of the high Throne. Awe, Power, Greatness and Pomp becomes only Him. We hallow only Him Who is really the absolute Ruler Sovereign. We hallow only Him Who is the Lord of everything existing. We hallow only Him Who is Ever-living and the Wise. We hallow the only one Lord and rely on Him Who has no death at all. Only He deserves all praise and hallowing and He is Holy. He is the nourisher of all angels and the Trustworthy Gabriel (Jibraeel).

ہم اللہ کی تسبیح کرتے ہیں جو عرش عظیم کا مالک ہے اور ہیبت و قدرت و کبریائی اور جبروت والا ہے کہ ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو دلوں پر بھی حکمرانی کرنے والا ہے، ہم اس بادشاہ مطلق کی تسبیح کرتے ہیں جو ہر جگہ موجود ہے، ہم اس کی تسبیح کرتے ہیں جو زندہ اور حکمت والا ہے اور رہے گا، ہم اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور اسی ہمیشہ رہنے والے پر بھروسہ کرتے ہیں (وہ) تسبیح کے قابل ہے مقدس ذات والا ہے جملہ ملایکہ اور جبریل کا پالنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَانُوْرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَالَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

LAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU WAHDAHU LAA SHAREEKA LAHOO LAHU AL-MULKU WALAHU AL-HAMDU WAHUWA 'ALAA KULLI SHAY'IN QADEER. YAA ALLAAHU YAA RAHMAANU YAA RAHEEMU YAA HAYYU YAA QAYYOOMU YAA ZAA AL-JALAALI WAL-IKRAAMI YAA NOORA AS-SAMAWAATI WAL-ARDI YAA LAA ILAAHA ILLAA ANTA 'ALAYKA TAWAKKALTU ANTA RABBU AL-'ARSHI AL-'AZEEM.

There will never be any deity except Him. He is totally unique and only one. HE has no partner. Entire kingdom is for Him alone. All praise is proven for Him. He dominates everything. O Allah! O Beneficent! O Merciful! O Everliving! O Everlasting! O the possessor of grace and mercy! O Light of the heavens and the earth Who makes them bright! O the Being Who alone is the Merciful Lord! We have trusted only You. You alone are the nourisher of the Great Throne.

اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہو سکتا وہ بالکل اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ساری بادشاہت ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ثابت ہیں جو ہر شے پر قادر ہے۔ اے اللہ اے رحمٰن اے رحیم اے ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والے اے سارے عالم کو سنبھال نے والے اے بزرگی اور عزّت والے اے آسمانوں اور زمینوں کے نور روشن کرنے والے اے وہ ذات کہ بس تو ہی خدا ہے ہم نے تجھ ہی پر بھروسہ کیا ہے اور (یہ ظاہر ہے) کہ تو ہی عرش اعظم کا رب ہے۔

Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ بِحُرْمَةِ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ وَاصْرِفْ عَنِّي الضَّرَّآءَ وَالْبَلَآءَ وَالْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَجَمِيْعَ الْاٰفَاتِ وَعَنْ اَوْلَادِيْ وَاٰبَآئِيْ وَأُمَّهَاتِيْ وَاَقْرِبَآئِيْ وَعَشِيْرَتِيْ فَاِنَّ عَلَيْكَ فِيْ جَمِيْعِ الْاُمُوْرِ اعْتِمَادِيْ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ALLAAHUMMA IGHFIR LEE BIHURMATI HAAZIHI AL-ASMAA'I WASRIF 'ANNEE AD-DARRAA'A WAL-BALAA'A WAL-HUMOOMA WAL-GHUMOOMA WAJAMEE'A AL-AAFAATI WA'AN AWLAADEE WA-AABAA'EE WA'UMMAHAATEE WA-AQRIBAA'EE WA'ASHEERATEE FA-INNA 'ALAYKA FEE JAMEE'I AL-UMOORI I'TIMAADEE WAS-SALAATU WAS-SALAAMU 'ALAA KHAYRI KHALQIHEE MUHAMMADIN WA-AALIHEE AJMA'EENA BIRAHMATIKA YAA ARHAMA AR-RAAHIMEEN.

O Allah! We seek intercession of Your Honour and Greatness. Forgive us just in the name of these holy names of Yours. Keep all troubles and all calamities and anxieties and sorrows and all hardships away from us. O My Nourisher! Protect my family members (for the sake of Muhammad and his progeny) from all evils because, in all of my affairs I have relied only on You. O Allah! Shower safety and bounty on Your best creation, that is, Muhammed and his progeny, and on their pious offsprings, for the sake of Your perfect Mercy, O Allah! O Merciful! O Beneficent!

اے اللہ تجھ کو اپنی عزّت و جلال کا واسطہ ہم کو انھیں پاک اَسماء کے صدقہ میں بخش دے اور ہم سے تمام تکلیفوں اور مصیبتوں اور فکروں اور غموں اور تمام آفتوں کو دُور رکھ اور اے میرے پالنے والے انہیں تمام آفات اور بلا سے میری اَولاد میرے باپ دادا اور میری ماؤں اور میرے تمام قرابت داروں اور میرے پالنے والے میری قبیلہ والوں کو (بحق محمدؐ و آل محمدؐ) محفوظ رکھ اس لئے کہ میرا تمام اُمور میں سارا اعتماد بس تیری ہی ذات پر ہے اے اللہ اے ارحم الراحمین اپنی بہترین مخلوق حضرت محمد مصطفیٰؐ اور ان کی پاک اَولاد پر اپنی رحمت کاملہ سے درود و سلام بھیج۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMAD.

O Allah, send blessings upon Muhammad and the Household of Muhammad.

اے معبود! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ پر۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/allahumma-ya-nooran-1311 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.